حرف
'ا'

سبقی منصوبہ بندی

کتاب: Stem Early adventure of اُردو قائدہ
دن: ا

وقت: 40منٹ/1پریڈ
عنوان: حرف 'ا'

طلبہ کے حاصلاتِ تعلم:

طلبہ کو اس قابل بنانا کہ وہ:

- حرف "ا " کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔
- حرف "ا " سے بننے والی چیزوں کی پہچان کر سکیں۔

معلومات برائے اساتذہ:

عنوان کے اہم نکات/ تعارف:

- 'ا' حروفِ تہجی کا پہلا لفظ ہے۔
- حرف 'ا' کے لئے یہ 'ا' علامت استعمال ہوتی ہے۔
- حرف 'ا' کی ابتدائی آواز **'اَ'** ہوتی ہے۔
- شکل کے لحاظ سے 'ا' پتلا اور لمبا ہوتا ہے۔ اس میں کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔

کلیدی الفاظ:

اللہ، انار، انگور، امرود اور الماری۔

درکار مواد:

- اُردو کی کتاب
- "ا" کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز
- "ا" کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا، مثلاً: انار، انگور، امرود اور الماری۔

طریقہ تدریس



دماغی اُلجھن میں ڈالنا/ پُرجوش کرنا:

بچوں سے پوچھیں کہ ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟ اللہ نے

اللہ کتنے ہیں؟ ایک ہے۔

پیارے بچو! کیا آپ نے غور کیا ہے کہ اللہ اور ایک کی شروع کی آواز "ا" ہے۔

کاروائی:

1۔ تعارف/ پہچان:

اب طلبہ کو بتائیں کہ یہ حرف 'ا' ہے۔ اس کی شکل سیدھے کھڑے کھمبے کی طرح ہوتی ہے۔ یہ پتلا اور لمبا ہوتا ہے۔ اس کی آواز 'اَ' ہوتی ہے۔

ایسی اشیاء جن کی ابتدائی آواز **'اَ'** ہو کو میز پر رکھیے، مثلاً اخبار، اناس، الماری، انڈا، ادرک، اخروٹ وغیرہ۔

اب ایک ایک کر کے چیز اُٹھائیں۔ طلبہ کو اس کا نام بتائیں اور اس کی ابتدائی آواز کا تعارف کروائیں۔ ہر چیز کی ابتدائی آواز کو بار بار طلبہ کے ساتھ دہرائیں۔

نوٹ: ایسی اشیاء استعمال نہ کریں جن کی ابتدائی آواز **'اَ'** نہ ہو مثلاً اُونٹ، املی، استری وغیرہ۔

2۔ پڑھائی:

بچوں کو صفحہ نمبر ۵ پر بنی چیزوں اور ان کے ناموں کی شروع کی آواز کی پہچان کراوئیں۔ مثلاً:

یہ انگور ہے۔ یہ کس کو پسند ہے؟ یہ پھل ہے۔ اس کا ذائقہ کھٹا اور میٹھا ہوتا ہے۔ یہ الف سے شروع ہوتا ہے۔ اس کی شروع کی آواز "ا" ہوتی ہے۔

بچوں سے تین بار الف کی آواز دھرانے کو کہیں۔

طریقہ تدریس

جدید تکنیکی مہارتوں کا استعمال:

سائنس

طلبہ کو اصلی انڈا دیکھائیں اور ان سے انڈا کھانے کے فائدے کے بارے میں بات چیت کریں۔ مثلاً:
آپ میں سے کس کس کو انڈا کھانا پسند ہے؟ یہ مرغی کا انڈا ہے۔ اسے ہم ناشتے میں کھاتے ہیں۔ اس سے طاقت ملتی ہے اور صحت اچھی ہوتی ہے۔

ریاضی

مختلف پھلوں کے فلیش کارڈز دکھا کر چھوٹے اور بڑے پھل کی پہچان کروائیں۔



خلاصہ: مختصر طور پر حرف 'ا' کے تصور کو حروفِ تہجی کے کارڈ کی مدد سے دہرائیں۔

جائزہ

اپنی اُردو کی درسی کتاب کے صفحہ نمبر ۵ پر حرف 'ا' ڈھونڈ کر اس پر انگلی رکھیں اور اپنے ارد گرد سے حرف 'ا' سے بننے والی اشیاء کے نام بتائیں۔

گھر کا کام:

طلبہ اپنے ارد گرد سے حرف 'ا' سے بننے والی اشیاء تلاش کریں گے اور ارد گرد سے مختلف اشیاء کے ناموں میں حرف 'ا' تلاش کریں گے۔





الله